سوال

(664) سجدوں کی علامت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا یہ بات صحیح ہے کہ سجدوں کو ۃ وجہ سے پیشانی پر جو نشان پڑ جاتا ہے یہ نیک لوگوں کیا علامت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ نیک لوگوں کی علامت میں سے نہیں ہے ، البتہ وہ نور ضرور علامت ہے ، جو چہرے پر جھلکتا ہے اور جو انشراح صدر اور حسن خلق وغیرہ کی صورت میں نظر آتا ہے ۔ سجدوں کے سبب چہرے پر ظاہر ہونے والا نشان کئی دفعہ جلد کی ملائمت اور حساسیت کی وجہ سے ان لوگوں کے چہرے پر بھی نظر آ جاتا ہے ، جو صرف فرائض ہی ادا کرتے ہیں اور ان لوگوں کے چہروں پر نظر نہیں آتا جو نوافل بھی کثرت سے ادا کرتے اور سجدے بھی لمبے لمبے کرتے ہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص504

محدث فتویٰ